
# ریاضی

## چوتھی جماعت








# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

محکمۂ تعلیمات سے منظور شدہ تحت نمبر :

پر.ش.س/ ۱۵-۲۰۱۴/ ۲۱۰۱/منظوری/ ڈی - ۵۰۵/ ۷۵۴/ ۴/فروری ۲۰۱۴ء

# ریاضی

## چوتھی جماعت

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

9V33EA

मा विद्या या विमुक्तये
महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۱۱۰۰۴

پہلا ایڈیشن : ۲۰۱۴ء (2014)
ساتواں اصلاح شدہ ایڈیشن : ۲۰۲۱ء (2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۱۱۰۰۴
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی بھی حصّہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

## ریاضی مضمون کی کمیٹی

- ڈاکٹر ششی کانت اے۔ کاترے (صدر)
- ڈاکٹر شریمتی منگلا نارلیکر (رکن)
- ڈاکٹر وِنا یک ایم۔ سولا پورکر (رکن)
- ڈاکٹر سو۔ وَیجینتا پاٹل (رکن)
- ڈاکٹر کے۔ سبرمینم (رکن)
- شری راجندر گوساوی (رکن)
- شری پرمود ٹی۔ کھرچے (رکن)
- شریمتی منگل پوار (رکن)
- شری وسنت این۔ شیوالے (رکن سیکریٹری)

**اُردو مترجمین** : جناب قاسم رضا
جناب بشیر احمد انصاری

**رابطہ کار اُردو** : خان نوید الحق انعام الحق
(اسپیشل آفیسر برائے اُردو، پاٹھیہ پُستک منڈل، پونہ)

**اُردو کمپوزنگ** : الطاف امین (سعدان گرافکس) مالیگاؤں - ۴۲۳۲۰۳

**سرورق و آرائش** : شری وجے کمار شندے، اِچل کرنجی
سندیپ کولی، ممبئی

## ریاضی مضمون کی مجلس عاملہ

- ڈاکٹر ایم۔ ایم۔ شکارے
- ڈاکٹر کیلاس بوندارڈے
- ڈاکٹر جے شری اَترے
- ڈاکٹر انیل ویدیہ
- شری ہیمنت دیشپانڈے
- شری ناگیش مونے
- شری رویندر ایولے
- شری پرشوتم شرما
- شری سریش شندے
- کماری بھارتی تاٹھے
- شری کلیان شندے
- شری پردیپ گوڈسے
- شری سدھیر ناچنے
- شری راجیش ویراگڈے
- سو۔ ویشالی پاٹل
- شری ماروتی بارسکر

**رابطہ کار (مراٹھی)** : وسنت این۔ شیوالے، اکیڈمک سکریٹری، نان لینگویجز، پاٹھیہ پستک منڈل، پونہ

**معاون رابطہ کار** : اجولا ایس۔ گوڈبولے، سبجیکٹ اسسٹنٹ، ریاضی، پاٹھیہ پستک منڈل، پونہ

**طباعت** : سچیتا نند آپھلے، چیف پروڈکشن آفیسر
سنجے کامبلے، پروڈکشن آفیسر
پرشانت ہرنے، پروڈکشن اسسٹنٹ

**کاغذ** : ۷۰ جی ایس ایم میپ لیتھو

**پرنٹ آرڈر** : N/PB/2020-21/92,000

**پرنٹر** : UCHITHA GRAPHIC PRINTERS PVT. LTD., NAVI MUMBAI

**ناشر**

وویک اتم گوساوی، کنٹرولر
پاٹھیہ پستک نرمتی منڈل، پربھا دیوی، ممبئی - ۲۵

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :
**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی ؛
**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛
**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،
اور ان سب میں
**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیہ وِدَھاتا۔

پنجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرَنگ،

تَوَ شُبھ نامے جاگے، تَوَ شُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَوَ جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

’بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کے حق قانون ۲۰۰۹ء‘ اور ’درسیات کے قومی خاکہ ۲۰۰۵ء‘ کو پیش نظر رکھ کر ریاست مہاراشٹر میں پرائمری تعلیم کا نصاب ۲۰۱۲ء تیار کیا گیا۔ حکومت کے منظور کردہ اس نصاب پر مبنی پہلی سے آٹھویں جماعت کی ریاضی کی درسی کتابوں کا نیا سلسلہ پاٹھیہ پستک منڈل تعلیمی سال ۱۴-۲۰۱۳ء سے مرحلہ وار شائع کر رہا ہے۔ اس سلسلے کی ریاضی چوتھی جماعت نامی درسی کتاب پیش کرتے ہوئے ہمیں بڑی مسرّت ہورہی ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں اس امر کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ درس و تدریس کا عمل ’طفل مرکوز‘ ہو۔ عملی سرگرمیوں اور تشکیل علم پر زور دیا جائے۔ پرائمری تعلیم کے اختتام پر طلبہ کو متوقع اقل صلاحیتیں حاصل ہوجائیں۔ علاوہ ازیں تدریسی عمل دلچسپ اور مسرّت بخش ہو۔

طلبہ کو فطری طور پر تصویروں سے دلچسپی ہوتی ہے اور ان میں خود سے کچھ کرنے کی چاہت ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کتاب کو تصویروں سے مزیّن کرنے اور سرگرمیوں پر مبنی بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ تصویریں حتی الامکان ایسی دی گئی ہیں جو دلکش اور ریاضی کے تصوّرات کو واضح کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوں۔

اس کتاب میں تدریجی ترتیب میں (Graded) مشقیں اور مکالمے شامل کیے گئے ہیں تاکہ ریاضی کے اصول وضوابط کا بار بار اعادہ ہو اور وہ بخوبی ذہن نشین ہوجائیں۔ نیز طلبہ کے لیے خود آموزی آسان ہوجائے۔ توقع کی جاتی ہے کہ مشقوں میں دیے ہوئے سوالات طلبہ اپنی خود کی کوشش سے حل کریں۔ مشقوں کو بیزارکن ہونے سے بچانے کے لیے ان میں تنوّع برقرار رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

ہر سبق کے دوران اساتذہ سے جس زبان میں طلبہ کو معلومات فراہم کرنے کی توقع ہے وہ درسی کتاب میں دی گئی ہے۔ صفحہ کے آخر میں چوکون بنا کر ’’یاد رکھیے‘‘ عنوان کے تحت ایسی معلومات اور اُصول وضوابط دیے گئے ہیں جن کی ضرورت طلبہ کو ریاضی سیکھتے وقت بار بار پڑتی ہے۔ اسی طرح اساتذہ کے لیے علیحدہ صفحے پر ہدایات بھی دے دی گئی ہیں۔ تدریس کو زیادہ سے زیادہ سرگرمیوں پر مبنی کرنے کے لیے ہدایات اور ضمنی منصوبے دیے گئے ہیں۔

اس کتاب کو زیادہ سے زیادہ بے عیب اور معیاری بنانے کے مقصد سے اس کے مسودے پر مہاراشٹر کے تمام علاقوں سے منتخب اساتذہ نیز بعض ماہرینِ تعلیم اور ماہرینِ مضمون سے رائے حاصل کی گئی۔ اساتذہ اور والدین سے موصول ہونے والے خطوط اور اخبارات میں شائع شدہ تنقیدی جائزوں میں دیے ہوئے مشوروں پر غور کرنے کے بعد یہ کتاب تیار کی گئی ہے۔ ان سب نے جو تعاون دیا ہے اس کے لیے منڈل ان سب کا شکر گزار ہے۔ موصول ہونے والی آرا اور تاثرات پر ریاضی مضمون کی کمیٹی اور مجلس عاملہ نے غور وخوض کر کے اس کتاب کو آخری شکل دی ہے۔

منڈل کی ریاضی مضمون کی کمیٹی، مجلس عاملہ شری وی۔ ڈی۔ گوڈبولے (مدعو مہمان) اور مصوّر سب نے بڑی دل جمعی اور محنت و مشقّت سے اس کتاب کو تیار کیا ہے۔ منڈل ان سب کا تہہ دل سے ممنون ہے۔

ہمیں امید ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور سرپرست اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔

(سی۔ آر۔ بورکر)

ڈائرکٹر

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی

وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ

مورخہ : ۳؍فروری ۲۰۱۴ء

۱۴؍ماگھ، ۱۹۳۵

# ریاضی - آموزشی ماحصل : چوتھی جماعت

## تجویز کردہ طریقۂ تعلیم

**طالب علم کو انفرادی طور پر/ جوڑی میں/ گروہ میں مواقع فراہم کرنا اور انھیں درج ذیل امور کی ترغیب دینا -**


- خصوصیت کے مطابق اعداد کی جماعت بندی کرتا ہے مثلاً جفت، طاق۔
- پہاڑے بنانے کے لیے مختلف طریقے معلوم کرنا جیسے عدد پھلا نگتے ہوئے گننا، تواتر کی توسیع کرنا وغیرہ۔ مثلاً 3 کا پہاڑہ تیار کرنے کے لیے طالب علم مرحلہ وار گنتی کریں گے یا جمع کی متوالی سے بار بار جمع کرکے یا ذیل میں دِکھائے ہوئے طرز پر تواتر بنائیں گے۔

```
-  3   2   1
-  6   5   4
-  9   8   7
-  12  11  10
-  -   -   -
-  -   -   -
```


- دو ہندسی اعداد کی توسیع اور ضرب ۔ مثلاً $23\times6$ کو ذیل کے مطابق حل کریں گے۔

$$23\times 6 = (20+3)\times 6$$
$$= 20\times 6 + 3\times 6$$
$$= 120 + 18 = 128$$

- روزمرہ کے کاروبار کی مثالیں حل کرنا اور مثالیں بنانا جیسے ایک پین کی قیمت 35 روپے ہو تو 7 پین کی قیمت کتنی ہوگی؟
- ضرب کے عمل کے مراحل بنا کر بحث کرنا۔
- تقسیم کے لیے گروہ بنانا مثلاً $24\div3$ یعنی 24 میں 3-3 کے کتنے گروہ بنتے ہیں یا 3 کے کتنے گروہوں سے 24 ہوتا ہے۔



- ریاضیاتی بیانوں کے لیے حوالے کی نوعیت کے مطابق سوال بنانا۔
مثلاً $15 = 10 - 25$ اِس کے مطابق مختلف طلبہ الگ الگ سوال بناتے ہیں۔ کوئی طالب علم کہے گا، ''میرے پاس 25 سیب تھے۔ 10 سیب کھا لیے تو اب کتنے باقی رہے؟
- گروہی کام سے حوالے کی نوعیت کے مطابق مثالیں بناتے ہیں۔ جیسے کلاس کے دو گروہ بنائیں۔ ہر گروہ دوسرے گروہ کی دی ہوئی مثال حل کرتے وقت الگ الگ ریاضیاتی عمل کرے گا۔
- $\frac{3}{4}$، $\frac{1}{4}$، $\frac{1}{2}$ اِن کسروں کا مطلب اور اُن کے آپسی تعلق پر بحث کرنا۔
- تصاویر/ کاغذ کی تہہ کے ذریعے کسری عدد ظاہر کرنا۔



- مثال شکل کا $\frac{1}{2}$ حصہ خط کشیدہ کیجیے۔
- کس شکل کا خط کشیدہ حصہ $\frac{1}{4}$ ظاہر نہیں کرتا ہے؟

## آموزشی ماحصل

**طالب علم**

04.71.01 روزمرہ زندگی میں اعداد پر اعمال کا اطلاق کرتا ہے۔

04.71.02 طاقت اور جفت کی درجہ بندی کرتا ہے۔

04.71.03 دو اور تین ہندسی اعداد کی ضرب کرتا ہے۔

04.71.04 مختلف طریقوں کا استعمال کر کے ایک عدد کو دوسرے عدد سے تقسیم کرتا ہے جیسے تصویر بنا کر (نقطے لگا کر)، مساوی گروہ بنا کر یا تقسیم اور ضرب کے درمیان تعلق کا استعمال کر کے یا بار بار تفریق کر کے۔

04.71.05 سکّے، نوٹ، لمبائی، کمیت اور سمائی سے مربوط روزمرہ زندگی پر مبنی سوال یا واقعہ بنانے اور حل کرنے کے لیے چار بنیادی اعمال کا استعمال کرتا ہے۔

04.71.06 کسروں پر اعمال کرتا ہے۔

- کاغذ کو تہہ کر کے چیزوں کے دیے ہوئے گروہ سے یا دی ہوئی تصویر میں ایک پورے کے آدھا، پاؤ، پون حصے کی شناخت کرتا ہے۔
- آدھا، پاؤ اور پون حصے کو بالترتیب $\frac{1}{2}$ ، $\frac{1}{4}$ اور $\frac{3}{4}$ اِن علامتوں سے ظاہر کرتا ہے۔
- $\frac{1}{2}$ اور $\frac{2}{4}$ نیز اِن کسروں جیسی دیگر کسروں کی ہم قیمت کسر ظاہر کرتا ہے۔


04.71.07 اپنے اطراف و اکناف میں پائی جانے والی اشکال کے بارے میں معلوم کرتا ہے۔


04.71.08 دائرے کے مرکز، نصف قطر اور قطر کی شناخت کرتا ہے۔

04.71.09 فرش بچھانے کے لیے استعمال ہونے والے ٹائل یا فرش کی اشکال معلوم کرتا ہے۔

04.71.10 دیے ہوئے خاکے کا استعمال کر کے مکعب/ مکعب نما (مستطیلی منشور) بناتا ہے۔

04.71.11 سادہ اشیا کی اوپری، سامنے کی اور بازو کی شکل جیسی دِکھائی دیتی ہیں، اس کی تصویر بناتا ہے۔

i) 

ii) 

- پرکار کی مدد سے مختلف نصف قطر کے دائرے بنانا اور اس شکل سے مختلف ڈیزائن تلاش کرنا۔
- گھر/ فٹ پاتھ/ زمین پر فرش (ٹائل) کی ڈیزائن کا مشاہدہ کرکے بحث کرنا۔
- اپنے طور پر ٹائل کا ڈیزائن بنانا اور اس ٹائل کو ایک دوسرے میں فٹ کرتے وقت وہ فٹ ہو رہے ہیں یا نہیں اس کی جانچ کرنا۔
- کلاس میں مختلف اشیا کا مختلف کونوں سے مشاہدہ کرنا اور اُن کی تصویر بنانا مثلاً گلاس سامنے سے ایسا نظر آتا ہے۔ اوپر سے دیکھیں تو کیسا نظر آتا ہے؟ یا نیچے سے دیکھیں تو کیسا دِکھائی دے گا؟ اس طرح کے سوال پوچھنا۔
- روپے کا پیسے میں تحویل کرنا۔ مثال : 20 روپے کے بدلے میں 50 پیسے کے کتنے سکّے ملیں گے؟
- بل تیار کرنا تاکہ بل بناتے وقت جمع، تفریق، ضرب، تقسیم اِن چار ریاضیاتی اعمال کا استعمال کیا جا سکے۔
- پہلے شے کی لمبائی/ فاصلے کا اندازہ کرنا اور بعد میں واقعی ناپ کر تصدیق کرنا مثلاً بستر کی لمبائی، اسکول کے داخلی دروازے سے کلاس تک کے فاصلے کا اندازہ کرکے اسے عملاً ناپ کر تصدیق کرنا۔
- سادہ ترازو بنا کر اشیا کا وزن معیاری اوزان سے کرنا۔ وزن دستیاب نہ ہو تو اشیا کا مہر بند پیکٹ جیسے آدھا کلو دال کے پیکٹ، 200 گرام نمک کے پیکٹ، 100 گرام بسکٹ کے پیکٹ وغیرہ کا استعمال کرکے وزن کرنا۔
- 500 گرام وزن کے پیکٹ کے بجائے 250 گرام کے 2 پیکٹ (یا مساوی وزن کے پتھر کے ٹکڑے) استعمال کرکے وزن کرنا۔ اس طرح کی نئی ترکیبوں کا استعمال کرنا وغیرہ۔
- اپنے طور پر ناپ کے برتن بنانا۔ مثال: 200 ملی لٹر سمائی/ گنجائش کی بوتل، جگ / ہانڈی کا پانی ناپنے کے لیے استعمال کرنا۔
- تقویم (کیلنڈر) کا مشاہدہ اور مطالعہ کرکے مہینے/ سال میں ہفتے معلوم کرنا۔ طلبہ کا ہر مہینے کے دنوں کا تواتر معلوم کرنا۔ دن اور مہینے کی تاریخ کس طرح ایک دوسرے سے متعلق ہے، اسے معلوم کرنا۔
- اپنی جماعت کے/ جماعت کے باہر کے تجربات حاصل کرکے دوستوں کے ساتھ وقت بتانے کے لیے گھڑی پڑھ کر گھنٹے اور منٹ میں وقت بتانا۔
- کسی واقعے کے لیے درکار وقت کو شمار کرکے یا تفریق/ جمع کرکے معلوم کرنا۔
- اِردگرد کے ماحول میں تواتر/ ڈیزائن تلاش کرنا (مختلف اشکال اور اعداد کا استعمال کرکے) اور ایسا ہی تواتر تیار کرنا اور وسعت دینا۔
- روزمرہ زندگی کی معلومات جمع کرکے بامعنی اندازہ لگانا۔ ان تجربات کی مدد سے شماریات پر توجہ مرکوز کرکے طلبہ کو اس میں شامل کرنا۔

| | |
|---|---|
| **04.71.12** | دی ہوئی شکل کو اکائی مان کر سادہ ہندسی اشکال (مثلث، مستطیل، مربع) کے احاطے اور رقبے معلوم کرتا ہے۔ مثلاً میز کے اوپری حصے کو مکمل طور پر ڈھانکنے کے لیے درکار کتابوں کی تعداد۔ |
| **04.71.13** | میٹر کی سینٹی میٹر میں اور سینٹی میٹر کی میٹر میں تحویل کرتا ہے۔ |
| **04.71.14** | کسی چیز کی لمبائی، دو مقام کے درمیان فاصلہ، مختلف اشیا کے اوزان، برتن میں مائع کی جسامت (حجم) وغیرہ کا اندازہ کرتا ہے۔ پھر اصل پیمائش کا استعمال کرکے ان کی تصدیق کرتا ہے۔ |
| **04.71.15** | لمبائی، فاصلہ، وزن، جسامت (حجم) سے متعلق روزمرہ زندگی میں چار بنیادی ریاضی کے اعمال کا استعمال کرکے سوال حل کرتا ہے۔ |
| **04.71.16** | گھڑی دیکھ کر وقت گھنٹے اور منٹ میں وقت بتاتا ہے اور قبل نیم روز (am) اور بعد نیم روز (pm) میں بتاتا ہے۔ |
| **04.71.17** | 24 / گھنٹے اور 12 / گھنٹے والی گھڑی کے درمیان تعلق اور فرق بتاتا ہے۔ |
| **04.71.18** | روزمرہ زندگی میں پیش آنے والے واقعات کا وقفہ/ درکار وقت آگے یا پیچھے گن کر نیز جمع اور تفریق کرکے محسوب کرتا ہے۔ |
| **04.71.19** | ضرب اور تقسیم کے تواتر کی شناخت کرتا ہے۔ (9 کے ضعف تک) |
| **04.71.20** | ستونی ترسیم کے ذریعے نتیجہ اخذ کرتا ہے۔ |

# فہرست


## پہلا حصّہ

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | ہندسی شکلیں .................................. | ۱ |
| (۲) | عددوں کا علم .................................. | ۷ |
| (۳) | جمع .................................. | ۱۸ |
| (۴) | تفریق .................................. | ۲۳ |
| (۵) | ضرب : حصّہ ۱ .................................. | ۲۹ |
| (۶) | تقسیم : حصّہ ۱ .................................. | ۳۲ |
| (۷) | سکّے اور نوٹ .................................. | ۳۹ |
| (۸) | وقت کی پیمائش .................................. | ۴۳ |

## دوسرا حصّہ

| | | |
|---|---|---|
| (۹) | عبارتی مثالیں : جمع، تفریق ...... | ۴۷ |
| (۱۰) | کسر .................................. | ۵۱ |
| (۱۱) | پیمائش .................................. | ۵۹ |
| (۱۲) | احاطہ اور رقبہ .................. | ۷۰ |
| (۱۳) | ضرب : حصّہ ۲ .................. | ۷۵ |
| (۱۴) | تقسیم : حصّہ ۲ .................. | ۷۹ |
| (۱۵) | تصویری شماریات .................. | ۸۳ |
| (۱۶) | تواتر .................................. | ۸۷ |


## اساتذہ کے لیے

درسی کتاب اس سطح پر درس و تدریس کے عمل میں ایک نہایت اہم وسیلہ ہے۔ یہ کتاب اس نظریے سے لکھی گئی ہے کہ ہمیں اپنے ماحول میں حاصل ہونے والے مختلف تجربات اور طلبہ کے اپنے تجربات کا استعمال کرکے تدریس کا عمل کیا جا سکے۔ اس میں مندرجہ ذیل امور کا خاص طور پر استعمال کیا جائے۔

- کھیل، گیت، نظموں، کہانیوں، عملی مظاہرے، سرگرمیوں وغیرہ کی مدد سے ریاضی کے تصوّرات اور اصول وضوابط واضح کیے جائیں۔
- تدریس اس طرح کی جائے کہ طلبہ کو اپنے طور پر سیکھنے کی ترغیب ملے اور وہ اپنی ذاتی معلومات کا استعمال کر سکیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے تصویری کارڈ، عددی کارڈ، موتیوں کی مالائیں جیسے مختلف وسائل کا استعمال کیا جائے۔
- عام طور پر روزانہ ایک صفحے پر دیے ہوئے جزِ وسبق کے حوالے سے اکتسابی تجربہ کا موقع دیا جائے۔
- ان سرگرمیوں کو مکمل کرنے کے لیے ضرورت محسوس ہو تو گروہ کے دیگر طلبہ سے تبادلہ خیال کرنے کی ہدایت دی جائے۔
- جب طلبہ سرگرمی میں مشغول ہوں تو استاد ہر گروہ میں گھوم کر سرگرمی کا جائزہ لے۔ حسب ضرورت رہنمائی کرے۔
- استاد وقفے وقفے سے گزشتہ اسباق پر مبنی فکر انگیز سوالات پوچھ کر طلبہ کو جواب دینے کی ترغیب دِلاتا رہے۔
- استاد طلبہ کو اپنی مشکلات کے بارے میں پوچھنے کی ترغیب دلاتا رہے۔ سوال پوچھنے کی عادت ڈالنے میں مدد کی جائے۔